040-9200518

No. 1727-CE
**OFFICE OF THE CONTROLLER**
**Board of Intermediate &**
**Secondary Education, Sahiwal**
Dated: 15-06-2022

**معزز ریذیڈنٹ انسپکٹرز / سپرنٹنڈنٹس / ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس / نگران عملہ صاحبان،**

**انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2022، حدود ساہیوال بورڈ، ساہیوال۔**

**عنوان: شدید گرمی کی لہر سے بچاؤ کے لیے اقدامات۔**

مورخہ 17-05-2022 کو منعقدہ بین الصوبائی وزرائے تعلیم کانفرس (IPEMC) ہوئی۔ جس میں پنجاب کے تمام چیئرپرسنز کو میٹرک / انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2022 کے حوالہ سے گرمی کی شدت کے پیش نظر احکامات دیئے گئے کہ وطن عزیز اور صوبہ پنجاب اس وقت شدید گرمی کی لپیٹ میں ہے۔ اس سلسلہ میں آپ سے درخواست ہے کہ آپ اپنے متعلقہ امتحانی مراکز پر درج ذیل حفاظتی اقدامات ہنگامی بنیادوں پر عمل میں لائیں؛

1) امتحانی مرکز کے تمام کمروں / ہال میں بجلی اور پنکھوں کا مکمل انتظام کریں۔
2) بجلی کی بندش ہونے کی صورت میں فوری طور پر جنریٹر کا استعمال کریں۔
3) طلباء وطالبات کے پینے کے لیے ٹھنڈے اور صاف پانی کے انتظام کو یقینی بنائیں۔
4) تمام کمرے روشن اور ہوادار ہوں، امتحانی ماحول کو ہر طریقہ سے خوشگوار بنائیں۔
5) کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں ریسکیو 1122 پر فوری اطلاع دیں۔

اس سے قبل بھی خط نمبری CE-1721 مورخہ 14-06-2022 کے تحت تمام ڈسٹرکٹ بیوٹنگ انسپکٹرز صاحبان کو ہدایات کی گئی ہیں کہ مذکورہ بالا تمام انتظامات ہنگامی بنیادوں پر عمل میں لائیں اور تمام ریذیڈنٹ انسپکٹرز، سپرنٹنڈنٹس اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس صاحبان سے اس امر کا سرٹیفکیٹ بھی لیں کہ وہ اپنے ہنگامی انتظامات سے کوشش کریں، کہ وہ گرمی سے بچاؤ کی ہر ممکن تدبیر اختیار کریں اور تمام تر ممکنہ ذرائع استعمال کرتے ہوئے انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2022 دینے والے طلباء وطالبات کے لیے تقویت کا باعث بنیں۔

**کنٹرولر امتحانات**

**کاپی برائے اطلاع:-**

1۔ پی۔ ایس برائے چیئرمین۔
2۔ ڈائریکٹر آف ایجوکیشن کالجز (ساہیوال، ڈویژن، ساہیوال)۔
3۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی ضلع ساہیوال، اوکاڑہ و پاکپتن)۔
4۔ RCO (برائے تشہیر الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا)۔
5۔ سسٹم اینالسٹ برائے اپ لوڈ ویب سائٹ۔